**21-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

----------------------------------

Music

----------------------------------

☆ مرکز نے تور، چنا اور کابلی چنے کے ذخیرے کی حد مقرر کی ہے جس کا مقصد صارفین کیلئے دالوں کو حاصل کرنے کی صورتحال کو بہتر بنانا ہے۔

☆ دلّی ہائیکورٹ نے اروند کیجریوال کو دی گئی ضمانت کے خلاف ED کی عذرداری پر فیصلے کو محفوظ رکھا ہے۔

☆ بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ دو روزہ دورے پر نئی دلّی پہنچ گئی ہیں۔

☆ اور ٹی-ٹوینٹی کرکٹ ورلڈ کپ کے سپر آٹھ مقابلوں میں انگلینڈ اور ساؤتھ افریقہ کے درمیان سینٹ لوسیا میں مقابلہ جاری ہے۔

----------------------------------

(Music)

----------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**PM Yoga Day**

یوگا کا دسواں عالمی دن آج دنیا بھر میں منایا جارہا ہے۔ اصل تقریب جموں وکشمیر کے سرینگر میں شیر کشمیر بین الاقوامی کانفرنس سینٹر، SKICC میں منعقد کی گئی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے سرینگر سے تقریبات کی قیادت کی۔ اِس موقع پر وزیراعظم نے اجتماع سے خطاب کیا اور یوگا کے عام پروٹوکول اجلاس میں شرکت کی۔ انھوں نے جسمانی، ذہنی اور روحانی نشو ونما میں یوگا کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ یوگا ذاتی بہتری کیلئے ایک اہم وسیلہ ہے۔

S/B 2100 PM Yoga

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج احمدآباد کے Gotila گارڈن میں یوگا کے عالمی دن کی تقریبات میں شرکت کی۔اس موقع پر یوگا کے شائقین سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے، یوگا کے عالمی دن کی شکل میں دنیا بھر میں بھارتی ثقافت اور بھارتی تعلیم کا جھنڈا لہرایا ہے۔

S/B 2100 Amit Shah on Yoga Day

## Add Yoga

یوگا کے بین الاقوامی دن کے موقع پر بھارتی ہائی کمیشن نے میر پور ڈھاکہ میں شہید سہراوردی انڈور اسٹیڈیم میں یوگا کی ایک عظیم الشان تقریب منعقد کی۔ متحدہ عرب امارات میں آرٹ آف لیونگ فاؤنڈیشن کے ذریعہ منعقدہ ایک تقریب میں 150 سے زیادہ لوگوں نے یوگا پروگرام میں حصہ لیا۔ سری لنکا میں تاریخی Galle Fort میں یوگا تقریبات منعقد کی گئیں۔ Hambantota میں بھارتی قونصل جنرل کے ذریعہ Galle میں قائم یونیسکو کے عالمی تاریخی مقام پر اس سلسلے میں یوگا تقریبات کا اہتمام کیا گیا۔ نیویارک شہر میں ٹائم اسکوائر پر مختلف ممالک کے تقریبا دس ہزار لوگوں نے یوگ آسن کئے۔ نیویارک میں قائم بھارتی قونصل جنرل کے دفتر اور ٹائم اسکوائر الائنس کے اشتراک سے پورے دن یوگ آسن کے پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں لوگوں نے یوگا کیلئے زبردست جوش وخروش کا مظاہرہ کیا۔

## Pulses Stock Limit

حکومت نے ارہر، چنا اور کابلی چنا سمیت دالوں کو ذخیرہ کرنے کیلئے ایک حد مقرر کردی ہے۔

یہ اقدام ذخیرہ اندوزی اور من مانی قیمتوں کی وصولی کو روکنے اور صارفین کیلئے دالوں کی کفایتی قیمتوں پر دستیابی کو یقینی کیلئے کیا گیا ہے۔ خوراک اور عوامی تقسیم نیز امور صارفین کی وزارت نے اس سلسلے میں ایک حکم نامہ جاری کیا ہے جس کا اطلاق تھوک بیوپاریوں، خردہ فروشوں، بڑے Chain Retailers ، مل مالکان اور درآمدکاروں پر ہوگا۔ حکم نامے کے مطابق تھوک بیوپاریوں کیلئے ذخیرہ کرنے کی حد 200 میٹرک ٹن ہے۔ خردہ فروشوں کیلئے یہ حد پانچ میٹرک ٹن ہے۔ بڑے Chain Retailers کیلئے Retail Outlet پر یہ حد پانچ میٹرک ٹن اور Depot پر 200 میٹرک ٹن ہے۔ یہ حد 30 ستمبر 2024 تک نافذ العمل رہے گی۔ امور صارفین کے محکمے نے درآمدکاروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ Custom Clearance کی تاریخ کے بعد 45 دن سے زیادہ درآمد شدہ اسٹاک کو روک کر نہ رکھیں۔ x

## HC Kejariwal Bail Order

دلی ہائی کورٹ نے آج دلی کے وزیراعلی اروند کیجریوال کو ضمانت دینے کے،نچلی عدالت کے حکم پر روک لگانے کی انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی درخواست پر اپنے فیصلے کومحفوظ رکھا ہے۔ عدالت نے عام آدمی پارٹی کے سربراہ کی ضمانت پر حتمی فیصلہ آجانے تک روک لگا دی ہے۔ ہائی کورٹ نے وکیل سے پیر کے روز تک تحریری جواب داخل کرنے کو کہا ہے۔ ED نے اپنی درخواست میں کہا ہے کہ اروند کیجریوال کو باضابطہ ضمانت دئے جانے کے کل کا فیصلہ ای ڈی کو ساعت کے دوران خاطر خواہ موقع دئے بغیر سنایا گیا تھا۔ جسٹس سدھیر کمار جین کی تعطیلات کی ایک بینچ نے ای ڈی کے ذریعہ دائر کردہ عذرداری سے متعلق نوٹس جاری کرتے ہوئے یہ فیصلہ سنایا۔ عدالت نے کہا کہ وہ تفصیلی فیصلے کیلئے اس معاملے کومحفوظ کررہی ہے جسے دو سے تین دن میں سنایا جائے گا۔

## GST Council Meeting

خزانہ اور کارپوریٹ امور کی وزیر نرملا سیتا رمن کل نئی دلّی میں 53ویں GST کونسل میٹنگ کی صدارت کریں گی۔ نئی حکومت کی تشکیل کے بعد یہ GST کونسل کی پہلی میٹنگ ہے۔ GST کونسل کی آخری میٹنگ گذشتہ سال 7 اکتوبر کو ہوئی تھی۔ GST کونسل نے اہلیت اور عمر سے متعلق GST کی مجوزہ Appellate Tribunals کے صدر اور ارکان کی تقرری کی شرائط میں ترامیم کی سفارش کی تھی۔ کونسل نے پاؤڈر کی شکل میں جوار کے آٹے کی خوراک کی تیاری کیلئے صفر شرح کی بھی سفارش کی تھی۔ کونسل نے شیرے پر GST کو کم کرکے 28 فیصد سے پانچ فیصد کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے جس کا مقصد رقم کی ادائیگی تیزی کے ساتھ کرکے گنّے کے کسانوں کو راحت پہنچانا اور مویشیوں کے چارے کی تیاری کی لاگت کو کم کرنا ہے۔x

## FM Pre Budget Meet

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج نئی دلّی میں کسانوں کی تنظیموں کے نمائندوں اور زرعی ماہرین معاشیات کے ساتھ بجٹ سے قبل کے مشاورات منعقد کئے۔ انھوں نے آنے والے عام بجٹ سے قبل انتہائی چھوٹی، چھوٹی اور درمیانے درجے کی کمپنیوں کے نمائندگان کے ساتھ بھی میٹنگ کی۔ اس میٹنگ میں خزانے کے وزیر مملکت پنکج چودھری، خزانے کے سکریٹری ٹی وی سوماناتھن اور زراعت کی وزارت نیز MSME کی وزارت کے سینئر افسران نے شرکت کی۔x

## J&K Trade Show

جموں وکشمیر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج سرینگر کے کشمیری ورثے کے سرکاری آرٹ امپوریم میں جموں وکشمیر تجارتی شو 2024 کا افتتاح کیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ جموں وکشمیر تجارتی شو اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ مرکز کے زیر انتظام جموں وکشمیر، مواقع کے ایک نئے دور میں داخل ہوا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ تجارت، مرکز کے زیر انتظام علاقے میں شاندار کاروبار اور تجارتی حیاتیاتی نظام وضع کرنے اور عالمی منڈی میں جموں وکشمیر کے منفرد ثقافت اور فنکارانہ وراثت کو ایک نئی شناخت فراہم کرنے کے تئیں ہمارے عہد کا اعادہ بھی کرتی ہے۔ اس موقع پر جناب سنہا نے زراعت، ہنڈلوم اور دستکاری کے شعبوں میں اصلاحات لانے کی غرض سے وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی قیادت میں، مرکز کے زیر انتظام علاقے کے انتظامیہ کے کلیدی اقدامات کو بھی اجاگر کیا۔انھوں نے اِس امر پر اظہارِ مسرت کیا کہ ایک ضلع ایک مصنوعات اقتصادی مواقعوں کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے۔ وزیراعظم کے جموں وکشمیر کے حالیہ دورے کے بارے میں بات کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ 'یوگا کے بین الاقوامی دن' اور 'نوجوانوں کو بااختیار بناتے ہوئے - جموں وکشمیر کو تبدیل کرتے ہوئے' جیسے پروگراموں کی وزیراعظم کے ذریعے قیادت نے جموں وکشمیر کی ترقی کے سفر کو ایک نئی رفتار بخشی ہے۔x

## Amit Shah Smart Schools

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج احمدآباد کے نارن پورہ میں اپنے گاندھی نگر لوک سبھا حلقے میں، احمدآباد میونسپل کارپوریشن کے زیر انتظام 30 اسمارٹ اسکولوں کا ورچوئل طور پر افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ اِن 30 اسمارٹ اسکولوں کے ذریعے تقریباً 30 ہزار بچے، نئ تعلیمی پالیسی سے براہِ راست مستفید ہوں گے، جنھیں 36 کروڑ روپئے کی لاگت سے تیار کیا گیا ہے۔ وزیر موصوف نے نئ تعلیمی پالیسی کے تحت مہارت اور ٹیکنالوجی پر مبنی تعلیم فراہم کرنے کے مودی حکومت کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔x

## Akashwani News

آکاشوانی نیوز کو بھارت میں سب سے زیادہ معتبر نیوز برانڈ میں سے ایک تسلیم کیا گیا ہے۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کے Reuters Institute for the Study of Journalism شعبے کے ایک حالیہ سروے نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ آکاشوانی نیوز ملک کے میڈیا حلقے میں نمایاں حیثیت کا حامل ہے۔ ڈجیٹل نیوز رپورٹ 2024 کے ایک حصے کے طور پر جاری کی گئی اس سالانہ رپورٹ میں یہ انکشاف ہوا ہے کہ آکاشوانی نیوز کو معتبریت کے اعتبار سے ملک کے دیگر میڈیا کمپنیوں کے مقابلے نمایاں طور پر کہیں زیادہ پوائنٹس حاصل ہوئے ہیں۔ اس شاندار کارکردگی پر ردِّعمل ظاہر کرتے ہوئے پرسار بھارتی کے چیئرمین نونیت کمار سہگل نے اسے ہر حالات میں حقیقت پیش کرنے کے آکاشوانی نیوز کے غیرمتزلزل عزم کی توثیق قرار دیا ۔ X

## Bangladesh PM Visit

بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ بھارت کے دو روزہ دورے پر آج نئی دلّی پہنچ گئی ہیں۔ ملک میں نئ حکومت کی تشکیل کے بعد یہ اُن کا پہلا باہمی سرکاری دورہ ہے۔ شیخ حسینہ اُن بین الاقوامی لیڈروں میں شامل تھیں جنھوں نے اِس مہینے کے اوائل میں وزیر اعظم نریندر مودی اور وزراء کی مرکزی کونسل کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی تھی۔ وہ وزیراعظم نریندر مودی کی دعوت پر دورہ کر رہی ہیں۔ ان کے دورے کے آج پہلے دن، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج شام شیخ حسینہ کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ میٹنگ کے بعد ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ شیخ حسینہ کا دورہ، دونوں ملکوں کے درمیان قریبی اور مضبوط تعلقات کو اجاگر کرتا ہے۔ انھوں نے خصوصی شراکت داری کی مزید فروغ سے متعلق شیخ حسینہ کی رہنمائی کی ستائش کی۔ پیش ہے ایک رپورٹ..................

## VC Durgesh

بنگلہ دیش، بھارت کی پڑوسی پہلے پالیسی کا ایک کلیدی جزو ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات حالیہ برسوں میں نئ بلندیوں تک پہنچے ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان بہت سے شعبوں میں تعاون ہے جن میں تجارت، کامرس، سکیورٹی، توانائی، سائنس اور ٹیکنالوجی نیز دفاع شامل ہیں۔ توقع ہے کہ اِس دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ کل بنگلہ دیش کی وزیر اعظم، وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ ایک باہمی میٹنگ کریں گی اور مختلف شعبوں میں دونوں ملکوں کے درمیان سمجھوتوں کا تبادلہ کیا جائے گا۔ وہ صدر جمہوریہ دروپدی

مرمو اور نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ سے بھی ملنے جائیں گی۔ شیخ حسینہ کا کل صبح راشٹرپتی بھون میں روایتی استقبال کیا جائے گا۔

آکاشوانی نیوز دلّی سے دیواکر کے ساتھ درگیش بھدوریہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسعداللہ

## MEA Briefing

وزارتِ خارجہ نے آج کہا کہ بھارت اور بنگلہ دیش، اپنے خصوصی تعلقات کو مزید گہرا اور مستحکم کرنے کے تئیں عہد بند ہیں۔ نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ چونکہ دونوں ملکوں کے درمیان بہت دوستانہ تعلقات ہیں، اسلئے دونوں فریقوں کو بہت سی توقعات ہیں۔ بنگلہ دیش کی وزیر اعظم کے بھارت کے سرکاری دورے سے متعلق جناب جیسوال نے کہا کہ کل دونوں ملکوں کے درمیان سمجھوتوں اور مفاہمت نامے پر دستخط کئے جائیں گے۔

S/B 2100 Randhir On Bangladesh

عازمین حج کی اموات کے معاملے پر وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ اِس سال حج کے دوران 98 بھارتی عازمین حج جاں بحق ہوگئے۔انھوں نے کہا کہ جدّہ میں بھارتی مشن عازمین کو مدد فراہم کر رہا ہے۔

S/B 2100 Randhir On Hajj

کناڈا میں خالستانی سرگرمیوں میں بات کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ خالستانی سرگرمیاں، بھارت کیلئے تشویش کا ایک معاملہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت باربار کناڈا کی حکومت پر کارروائی کرنے کیلئے زور دے رہا ہے۔x

## Kiren Proten Speaker

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کارگزار اسپیکر Bhartruhari Mahtab کے انتخاب سے متعلق اعتراضات اٹھانے کیلئے آج کانگریس کی تنقید کی۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ کانگریس نے کارگزار اسپیکر کے بارے میں ایک مسئلہ کھڑا کردیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ کارگزار اسپیکر کا عہدہ عارضی ہے اور اس کا کردار نئے اسپیکر کے انتخاب تک محدود ہے۔ جناب رجیجو نے کہا کہ Bhartruhari Mahtab بغیر کسی وقفے کے لوک سبھا کے مسلسل سات مرتبہ ممبر رہے ہیں اور اِس وقت وہ سب سے طویل خدمت انجام دینے والے ممبر ہیں۔ انھوں نے کہا کہ کانگریس نے Suresh Kodaikanal کا نام پیش کیا تھا لیکن اُن کی مجموعی مدت آٹھ ہے اور سال 1998 اور 2004 میں اُس میں وقفہ رہا۔

اس سے قبل کانگریس لیڈر جے رام رمیش نے کارگزار اسپیکر کے طور پر Bhartruhari Mahtab کو مقرر کرنے کے حکومت کے فیصلے پر اعتراض کیا تھا۔ انھوں نے کہا کہ اُس رکن پارلیمنٹ کو جس نے سب سے طویل مدت کام کیا ہے، پہلے دو دن کیلئے کارگزار اسپیکر مقرر کیا گیا ہے۔x

## Haj Pilgrimage

مرکزی وزارتِ صحت نے آج حج کے دوران عازمین کیلئے مہیا کی گئی صحت خدمات کے بارے میں ایک رپورٹ جاری کی۔ صحت سکریٹری اپوروا چندر نے عازمین حج کیلئے طبی دیکھ بھال کے انتظامات کے موضوع پر رپورٹ جاری کرتے ہوئے کہا کہ اس رپورٹ میں سعودی عرب میں بھارتی عازمین حج کیلئے طبی دیکھ بھال کے منصوبے کے بارے میں جامع معلومات فراہم کی گئی ہے۔ انھوں نے مطلع کیا کہ اس سال ایک لاکھ 75 ہزار سے زائد بھارتی افراد نے فریضۂ حج ادا کیا جن میں 40 ہزار سے زائد معمر افراد بھی شامل ہیں اور تقریباً دو لاکھ حجاج کرام کو OPD سہولت مہیا کرائی گئی۔ طبی ٹیموں نے ان کے پاس جاکر بھی انہیں طبی سہولیات مہیا کی۔

صحت کی مرکزی وزارت کے طبی دیکھ بھال انتظامات میں ملک میں حج کیلئے درخواست داخل کرنے والوں کی میڈیکل جانچ اور فٹنیس سرٹیفکیٹ کے نظام میں تبدیلی لانا بھی شامل ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ وہ چنندہ عازمین حج کو سعودی عرب کے سفر اور قیام کیلئے ہیلتھ کارڈز بھی فراہم کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ ریاستوں میں ٹیکہ کاری کیمپوں کیلئے ویکسین فراہم کرنا، روانگی کے مقامات پر ہیلتھ ڈیسک قائم کرنا اور سعودی عرب میں مختلف مقامات پر اقلیتی امور کی وزارت کے تعاون سے طبی دیکھ بھال اہلکار اور طبی بنیادی ڈھانچے کا انتظام کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں NIC نے ایک Live پورٹل بھی تیار کیا ہے جو طبی دیکھ بھال کے ضرورتمند عازمین حج اور انہیں فراہم کی جانے والی خدمات کے بارے میں اسی وقت Data فراہم کرتا ہے۔ X

## Manipur CM

منی پور کے وزیر اعلیٰ N Biren Singh نے آج کہا کہ بھارت نے حالیہ منعقدہ اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کی کونسل کی میٹنگ میں اِس بات کو واضح کردیا ہے کہ میانما سے بھارت کی شمال مشرقی ریاستوں میں میانما سے لوگوں کی آمد اور منشیات اور انسانی اسمگلنگ جیسے سرحد پار کے جرائم کا چیلنج ایک سخت تشویش کا معاملہ ہے۔ آج امپھال میں منعقدہ یوگا کے عالمی دن کی تقریبات کے دوران اخبار نویسوں کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بھارت کی حکومت منی پور میں تصادم کو سنجیدگی سے لے رہی ہے اور اِس تصادم کو جلد سے جلد حل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ مرکزی وزیر داخلہ نے منی پور میں امن وقانون کی صورتحال سے متعلق اعلیٰ شہری اور سکیورٹی حکام کے ساتھ حال ہی میں ایک میٹنگ کی ہے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ منی پور کا معاملہ، وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں نوتشکیل شدہ NDA حکومت کے پہلے 100 دن کے کلیدی اہداف میں شامل ہے۔x

## IMD Weater

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے اگلے پانچ دن کے دوران کیرالہ، ساحلی اور جنوبی کرناٹک اور کونکن گوا میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمے کے مطابق جنوب مغربی مانسون مہاراشٹر کے کچھ اور علاقوں، ودربھ کے بقیہ ماندہ علاقوں اور مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، اڈیشہ، جھارکھنڈ اور مغربی بنگال کے گنگا کے علاقوں میں پہنچ گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ شمال مشرقی آسام اور اس کے نواح میں طوفان جیسے حالات پیدا ہوسکتے ہیں۔

اس کے اثر سے اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ اور ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال میں اگلے پانچ دن کے دوران ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے محکمہ موسمیات کے سائنسداں سوماسین رائے بتایا کہ مغربی اترپردیش میں کچھ علاقوں میں پیر کے روز تک اور جموں ڈویژن میں 25 جون تک شدید گرمی جاری رہنے کا امکان ہے۔

اس دوران آج دلی کے کچھ حصوں میں بارش ہوئی جس سے لوگوں کو شدید گرمی سے کچھ راحت ملی۔محکمہ موسمیات کے مطابق آج دلی میں تین اعشاریہ چھ ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔

## T20 World CUP

مردوں کے T-20 عالمی کپ کا سُپر 8 میچ، دفاعی چمپئن انگلینڈ اور جنوبی افریقہ کے درمیان جاری ہے۔

آخری خبریں ملنے تک پہلے بلے بازی کرتے ہوئے جنوبی افریقہ نے 17 اوور میں4 وکٹ کے نقصان پر 141 رن بنا لئے تھے۔ انگلینڈ کے کپتان Joss Buttler نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ دونوں ٹیمیں ابھی تک ناقابل شکست ہیں جبکہ T-20 عالمی کپ میں دونوں ٹیموں کا آمنا سامنا چھ مرتبہ ہوا ہے جس میں جنوبی افریقہ نے چار اور انگلینڈ نے دو میچ جیتے ہیں۔

ایک دوسرے سپر 8 مقابلے میں مشترکہ میزبان ویسٹ انڈیز اور امریکہ کے درمیان برج ٹاؤن میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق کل صبح چھ بجے سے شروع ہوگا۔ X

☆☆☆☆☆☆☆☆